ٹورانٹو ۔ کینیڈا

پندرہ روزہ

الہلال

قیمت ۵۰ سینٹ

بیرونِ وطن پاکستانیوں کا ترجمان ۔ شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور کثیر الاشاعت اخبار

جلد نمبر ۱۴ شمارہ نمبر ۱۸

[illegible] ربیع الاول ۱۴۰۸ھ [illegible] ۱۹۸۸ء

قومی اسمبلی میں سیاسی جماعتوں کا بل اکثریت سے منظور ۔ آزاد ارکان کا واک آؤٹ

نئے قانون کے تحت تمام سیاسی جماعتوں کو رجسٹر کرانا ہوگا ۔ کوئی رکن اسمبلی جماعت تبدیل نہیں کر سکے گا ! آزاد ارکان کسی پارٹی میں شامل ہونے کے بعد اسے چھوڑ نہیں سکیں گے !

پاکستان کے باقی علاقوں سے خیبر ایجنسی کا رابطہ منقطع

[illegible] عشرت علی کا شہریوں کا انخلاء

متشدد قبائلی پہاڑوں میں روپوش ہو گئے

[illegible]

اب مارشل لا چند روز کا مہمان ہے ! وزیر اعظم جونیجو

نیا قانون اپوزیشن کے حق میں ہے آئندہ کسی کو بھی غلط مرحلے کی جرأت نہیں ہوگی ! اقبال احمد

وزیر اعظم محمد خان جونیجو

اسلام آباد [illegible]

کراچی ایئرپورٹ پر کئی مسافروں نے اپنا سامان کسٹم حکام کے حوالے کرنے کے بجائے توڑ دیا

متعدد مسافر روتے ہوئے رحم کی اپیل کرتے رہے ۔ بیگیج رول میں اچانک تبدیلی سے مسافروں کو شدید دشواریاں ! لوگوں کو پہلے سے علم نہیں تھا

گورنر سندھ نے متاثرہ افراد کے بارے میں کمشنر سے رپورٹ طلب کر لی

کراچی [illegible]

موجودہ چاروں گورنر یکم جنوری کو سول گورنر کی حیثیت سے حلف اٹھائیں گے

کوئٹہ [illegible]

اندرونِ سندھ امن و امان کی صورتحال انتہائی ناگفتہ بہ ہو رہی

میں اس مسئلہ پر صوبائی اسمبلی میں آواز بلند کروں گا

کراچی [illegible]

کابینہ کے ہنگامی اجلاس میں بیگیج رول میں نئی تبدیلیوں کا حکم واپس لے لیا گیا

مارشل لا کے بعد بھی فوجی عدالتیں رہیں گی

[illegible]

تبدیلیوں کی زیادہ تشہیر کی جائے گی ۔ رول کا نفاذ اگلے سال یکم فروری سے ہوگا

لاعلمی کی وجہ سے بیرون سے آنے والے پاکستانیوں کو سخت پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے

اسلام آباد [illegible]

[illegible]

ضبط

[illegible]

عید میلاد النبی کے موقع پر اتوار کی شب کراچی ۔ مزار قائد [illegible] پر چراغاں کا منظر (تصویر [illegible])

آپ کے مسائل

دل کی نہاں خانے کا سنگل

دو سال پہلے جب میرے والد کا انتقال ہوا تو میں امی کو اپنے پاس لے آئی۔ میں شادی شدہ ہوں۔ دو بچے ہیں اور ہماری گھریلو زندگی بہت پرسکون ہے۔ میرا ایک ہی بھائی ہے وہ لندن میں اپنے بیوی بچوں کے ساتھ رہتا ہے۔ امی کی بھی خواہش تھی کہ امی اپنا گھر فروخت کرکے ان کے ساتھ رہنے لگیں۔ مگر امی کی بھی خواہش تھی اور میرے شوہر بھی یہی چاہتے تھے کہ امی ہمارے پاس رہیں۔

امی ہمارے ساتھ خوش ہیں۔ بچے بھی نانی سے بہت مانوس ہو گئے ہیں۔ ہم دونوں ان کا خاص خیال رکھتے ہیں۔ میں ملازمت کرتی ہوں۔ میں جب شام کو گھر لوٹتی ہوں تو کھانا پکا ہوا ملتا ہے۔ گھر صاف ہوتا ہے تو مجھے شدید احساس جرم ہوتا ہے جیسے ہم نے امی کو اپنے کام کرنے کے لیے پاس رکھا ہوا ہے۔ میں امی سے کہتی ہوں آپ کھانا نہ پکایا کریں۔ میں پہلے بھی کام سے آ کر سب کام کر لیتی تھی اب بھی کر سکتی ہوں مگر وہ میری اس بات سے ناراض ہو جاتی ہیں حالانکہ میں اپنے احساس جرم کو دفع کرنے کے لیے ایسا کہتی ہوں۔ میں انہیں کیسے سمجھاؤں کہ میرا مطلب کچھ اور ہے۔

م۔ ن۔۔۔ گلاسگو

احساس جرم! یہ کیسا ہے؟ کیوں؟ یہ آپ کی ذہنی دنیا میں جھوٹ نے آپ کو بڑا دردمند بنا دیا۔ آپ کی یہ بڑی خوبی ہے۔ جب تک آپ ... آپ کو اپنے ہاتھ سے پکا ہوا کھانا کھلانا ... اگر اب آپ کے بچے کھانا پکا لیتی ہیں تو اس میں بری کیا بات ہے۔

آپ جب والد صاحب کے انتقال کے بعد انہیں اپنے پاس لے کر آئی تھیں تو اس وقت یقیناً آپ کے ذہن میں صرف یہ تھا کہ آپ اپنی والدہ کو بے یار و مددگار نہیں چھوڑنا چاہتیں۔ اس میں آپ کے شوہر کی مہربانی بھی شامل تھی لیکن دل سے نہاں خانے میں ایک بات یہ ضرور ہوگی کہ اچھا ہے امی پاس رہیں گی تو گھر بچوں کا بھی ان کے دم سے سہارا رہے گا۔ آپ کا بوجھ بٹ جائے گا۔ آپ کو اسی لیے جرم کا احساس ہوتا ہے۔

دوسرے بھی دیکھیں نا۔ اگر وہ ہاتھ پر ہاتھ رکھے بیٹھی رہیں گی تو بیمار پڑ جائیں گی۔ وہ کام کر رہی ہیں تو اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ اس گھر کو اپنا سمجھتی ہیں۔ انہیں اس سے اپنائیت ہو گئی ورنہ اپنا گھر چھوڑ کر دوسری جگہ رہنا بھی کافی تکلیف دہ ہوتا ہے بلکہ آپ کچن وغیرہ کے اخراجات کی رقم بھی انہی کے سپرد کر دیں اس سے ان کا دل بڑا ہوگا۔

میں شرمسار ہوں

میری ایک بہت پرانی دوست گذشتہ دنوں اچانک مجھے ملی۔ ہم یونیورسٹی میں اکٹھے پڑھتے تھے اور وہ ایک شخص سے محبت کرتی تھی۔ پھر اس کی شادی ہو گئی اور وہ یہاں آ گئی۔ میری اس سے کبھی ملاقات نہ ہوئی۔ البتہ ادھر ادھر سے پتہ چلا ہے کہ وہ بہت خراب آدمی نکلا تھا۔ اس نے اسے بہت اذیتیں دیں۔ بہرحال میں اس کی بہت دکھی ہوتی۔

اس سے جب ملی تو میں نے اس کے بچوں کے بارے میں پوچھا اور ایک آدھ بات اس کے میاں کے بارے میں کہی۔ مجھے یہ بعد میں پتہ چلا کہ چند ہفتے قبل اس کا انتقال ہو گیا ہے۔ مجھے اس بات پر بہت افسوس ہوا۔ اب میں اپنے آپ میں اس قدر شرمسار ہوں کہ اسے فون تک بھی نہیں کیا۔

ش۔ ت

آپ کی غلطی صرف یہ تھی کہ ایک دوست کر بڑھوں بعد ملی ہیں۔ بجائے اس کے کہ ان کے میاں اور بچوں کا حال چال پوچھتیں آپ نے کوئی متعلق بات چھیڑ دی۔ چھوڑئیے جانے دیجئے آپ تک پہنچنے والی باتیں کہاں تک درست تھیں۔ خیر جو ہوا سو ہوا۔ آپ اپنی دوست کو فون ضرور کریں۔ بلکہ اس سے ملنے کی خواہش کریں۔ ممکن ہے اسے ایسے دوست کی ضرورت ہو جس سے وہ دل کی بات کہہ سکے۔ حالانکہ اب حالات ایسے ہیں کہ اگر مرحوم نے اسے کوئی تکلیف بھی پہنچائی ہوگی تو اسے یاد نہ ہوگی۔

کہیں وہ تاسف کرنا نہ چھوڑ دیں

میری شادی کو پندرہ سال کا عرصہ ہو گیا ہے۔ میرا بڑا بیٹا چودہ سال کا ہے۔ بیٹی دس سال کی ہے۔ میرے شوہر کی عمر پچاس سال ہے۔

جب میرا بچہ دو سال کا تھا تو مجھے پتہ چلا کہ میرے شوہر کسی دوسری عورت کے ساتھ تعلقات رکھتے ہیں۔ ہمارا کافی جھگڑا ہوا اور وہ گھر سے چلے گئے۔ پھر ایک ہفتہ بعد واپس آئے معافیاں مانگیں اور پھر ہماری صلح ہو گئی۔ کچھ عرصہ بعد پھر کسی چکر کا پتہ چلا۔ پھر جھگڑا ہوا۔ پھر صلح ہو گئی۔ میں میری زندگی اسی طرح گذر رہی ہے۔ وہ ہر بار معافی مانگ لیتے ہیں۔

میں پچھلے دو ہفتے سے بہت پریشان ہوں۔ ایک دفعہ میں ادھر ہی تھی تو میرا بیٹا کہنے لگا کہ ہم ڈیڈی کے بغیر بھی زندگی گذار سکتے ہیں۔ اس پر مجھے خوشی بھی ہوئی کہ اب بیٹا میرا سہارا بن رہا ہے اور افسوس بھی۔ میرے شوہر آج کل پھر اپنی پرانی ڈگر پر ہیں۔ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ کیا کروں۔

ب۔ ج

آپ نے اس حوصلہ عرصے میں کچھ کیا ہوتا تو موجودہ صورت حال بھی سمجھ میں آ جاتی۔ سب سے کمال کی بات یہ تھی کہ اپنے اپنی روش بدلی اور نہ آپ نے ان کو چھوڑا۔ یا تو وہ باز آ جاتے یا آپ ان کو ہمیشہ کے لیے چھوڑ دیتیں تو معاملہ اتنا گمبھیر نہ ہوتا۔

وہ جو کچھ بھی کرتے ہیں اس کی وجہ جو بھی سمجھی جائے، ان کی طبیعت میں بے چینی ہے یا وہ اپنی کسی محرومی، کسی کمزوری کی تسکین چاہتے ہیں۔ مگر وہ جب جب باہر ہی باہر چکر بازی کرتے ہیں، بالآخر گھر ہی لوٹ کر آتے ہیں۔ اس بات کا خیال کریں کہ جب وہ آپ کے مسلسل احتجاج پر اپنے افعال پر تاسف کرنا چھوڑ دیں تو پھر کیا ہوگا۔

بیٹے کی بات پر نہ جائیں۔ اسے حالات کی سنگینی کا احساس نہیں کہ باپ کا تحفظ اور مالی امداد ختم ہو جائے گی تو کیا ہوگا۔

مولا بخش کا مکتب فکر

ہم دو بہن بھائی ہیں۔ بھائی چھوٹا ہے۔ اس کی عمر ۱۵ سال ہے جبکہ میں ۲۰ سال کی ہوں۔ امی ابو کی عادتیں اطوار تعلیق سب آج کل کے عام اور نارمل لڑکوں جیسے ہیں۔ اسے سپورٹس کا شوق ہے۔ کرکٹ کھیلتا ہے مگر امی ابا ہر وقت اس کے پیچھے پڑے رہتے ہیں کہ تم پڑھتے نہیں ہو، تمہارے دوست اچھے نہیں ہیں۔ تمہیں لڑکیوں کے فون آتے ہیں۔

جب میں امی سے کہتی ہوں کہ ہر وقت کی ٹوک جھونک سے بچے بگڑ جاتے ہیں تو وہ کہتی ہیں۔ نہیں اگر اسے ٹوکا نہیں جائیگا تو وہ لائق نہیں بنے گا۔ دونوں والدین کی خواہش ہے کہ وہ بڑا آدمی بنے۔ بہت پڑھے لکھے۔ وہ پڑھائی میں اچھا خاصا ہے مگر بہت ضدی ہو گیا ہے۔ میں اس کی طرف داری کرتی ہوں تو مجھ سے بات کرنا چھوڑ دیتے ہیں کہ امی ابو ہر وقت پڑھائی پڑھائی ہی کرتے ہیں تو میں دل لگا کر پڑھوں گا۔ مگر انہیں کون سمجھائے۔

س۔ ی

لوکم از کم تم خود تو سمجھنے کی کوشش کرو کہ وہ ابھی تمہارے والدین پرانے مکتب فکر کے ہیں۔ انہوں نے شعور سنبھالا تو "مولا بخش" اسکول میں سب سے طاقتور شخصیت تھی۔ پھر وہ ان کا اکلوتا بیٹا ہے اس لیے وہ اسے اپنا مستقبل سمجھتے ہیں۔ اس بارے میں جذباتی بھی ہیں اور ضرورت سے زیادہ محتاط بھی۔ انہیں کچھ بتانا مشکل ہے۔

اب آپ سے یہ بات مناسب لگتی ہے اس بات پر ایک تحریک کہ وہ ڈانٹنا چھوڑ دیں تو صاحبزادے پھر پڑھیں گے۔ ارے بابا! اگر وہ از خود دھیان سے پڑھنے لگے تو ان کی ڈانٹ، اگر ختم نہیں ہوتی تو اس میں کمی ضرور آ جائے گی۔ یہی نسل کی چھوٹ کی مستی ہے۔ یہ نہیں ہو سکتا۔ روک ٹوک بالکل ختم کر دینے کے نتائج بھی سامنے ہیں۔

ٹھیک ہے اگر اسے جیب خرچ ملتا ہے تو سپورٹس کٹ خریدنے کے لیے تو کہہ دیجئے۔ اس کا جیب خرچ کم ہے تو اس میں اضافہ کروا دیں۔ آپ سے لڑکیوں کے فون آتے ہوں گے۔ یہ سب ہو سکتا ہے آپ کی طرف سے سمجھا دیں کہ اگر امتحان میں اچھے نمبر آ گئے تو یہ سب چھوٹ مل سکتی ہے۔ بہرحال یہ اچھی بات ہے کہ آپ دونوں بہن بھائیوں میں مفاہمت ہے اسے برقرار رکھیں۔

جانوروں کے مذبح میں تسکین ملتی ہے

میری عمر تیس سال ہے۔ آپ کو شدید نفسیاتی مریض تصور کرتا ہوں۔ آج سے تقریباً دس سال پہلے موٹر سائیکل کے ایک حادثے میں زخمی ہو گیا تھا دو پسلیاں ٹوٹ گئی تھیں اور کافی چوٹیں آئی تھیں۔ تندرست ہونے کے بعد دوبارہ کسی حادثے کی تمنا رہی۔ بہت کوشش کی لیکن موت کے خوف سے ایسا نہ کر سکا۔ پھوڑے ہوئے زخم ہفتے دو ہفتے بعد لگا دیتا ہوں۔ بہتا ہوا خون تسکین فراہم کرتا ہے جب تک کوئی زخم رہنے ہونے کا احساس نہ ہو مجھے بے چینی سی رہتی ہے۔ مذبح خانے کے باہر کھڑا گھنٹوں جانوروں کو ذبح ہوتے دیکھتا ہوں۔ وقت الگ برباد ہوتا ہے اور پاگل پن میں مزید اضافہ ہو جاتا ہے۔ نیش کے مطابق پاؤڈر استعمال کیا لیکن ذہنی سکون میسر نہ ہو سکا دن میں مدتیں الٹیاں ہوتی ہیں۔ مکمل میڈیکل چیک اپ کرایا ہے بالکل صحت مند ہوں ڈاکٹر کہتے ہیں کہ محض کمزوری ہے۔ مجھے بہت ڈر لگتا ہے۔ ڈراؤنے خواب نظر آتے ہیں۔ مدہوش ہو جاتا ہوں لیکن آنکھ کھلنے پر زندہ ہوتا ہوں۔

(ا۔ م)

آپ اذیت پسند ہیں، اور آپ کا خیال ہے کہ حادثے کے بعد ایسا ہوا ہے۔ نہیں بلکہ اس کیفیت کی جڑیں بہت پرانی اور گہری ہیں۔ کسی بچے اور لطیف کو دکھانے والی جہالت نے کسی پہلی بات سے غائب تھے یہ کیفیت ابھر کر اور نمایاں ہو کر سامنے آئی ہے کیونکہ اس کیفیت سے ایک لذت حاصل ہوئی پھر دور خود کو اذیت دینے اور بہتا خون دیکھنے کی خواہش پیدا کرنے لگی۔ دل چاہتا ہے کہ یہ خون جانور کا نہیں آپ کا اپنا ہو۔ بس یہی تصور ہوتا ہے پھر شدید اور لاشعوری کیفیت میں کشمکش جاری رہتی ہے اور یہ کشمکش گھٹن کی کیفیت پیدا کر دیتی ہے۔ الٹی کرنے پر آمادہ کرتی ہے چونکہ اذیت پسندی میں بہرحال اضطراب اور شکست ہوتی ہے اس لیے کمزوری ہو گئی ہے۔ بہرحال یہ کیس آپ نے لکھے ہیں پوری طرح فوراً کسی ماہر نفسیات سے علاج شروع کروا لیجئے یہ کافی لمبا علاج ہوگا۔ اس کے ساتھ ساتھ آپ کو خود تربیتی کا عمل شروع کرنا چاہیے۔ آپ صبح رات کو اکتالیس مرتبہ درود شریف کا ورد کر کے آپ خود اپنے آپ کو چوٹ نہیں لگائیں گے اس سے تکلیف ہوتی ہے۔ عبادات باقاعدہ بجا لائیے۔ اللہ تعالیٰ خود کو اذیت دینے کا ایک طریقہ یہ ہے کہ جب تک خود تربیتی کا عمل کریں گے تو ماہر نفسیات چالیس دن میں خاصا آرام آ جائے گا۔ پھر یہ عمل جاری رکھئے گا اور علاج برابر کراتے رہئے۔

خود اعتمادی سے محروم

مجھے پڑھائی کے دوران کسی قسم کا کامپلیکس نہیں ہوا لیکن جب سے تعلیم چھوڑی ہے برقعہ پہنے رہتی ہے۔ خود اعتمادی بالکل ختم ہو گئی ہے۔ سارا دن گھر میں بند رہتی ہوں باہر نکلنے سے خوف آتا ہے۔ شادی کا مسئلہ سنگین صورت حال اختیار کر گیا ہے کسی رشتے کے آتے ہی گھبراہٹ اور بے چینی شروع ہو جاتی ہے۔ مدتوں شرمندگی کرتی ہوں گھر والوں سے کہہ دیتی ہوں کہ شادی نہیں کروں گی مگر تنہا رہنے کا خوف دن رات پریشان کرتا رہتا ہے۔ ہر کام کو جلدی کرنے کی عادت ہو گئی ہے۔ تین سال پہلے پریشان ہو کر ڈاکٹر سے مشورہ کیا۔ سرٹیفیکیٹ دے دیا بلکہ انہوں نے کہا بھی کہ جلدی شادی ہو جانی چاہیے مگر مجھے خوف ہے کہ والد نہیں ہوتی تب میں ایک تنہا تعلیم یافتہ لڑکے کا خیال کر سکتی ہوں مگر سسرال کا کوئی سوال ہی نہیں ہے یا بیٹی کے لیے میری مدد کیجئے۔ کس طرح میری خود اعتمادی بحال ہو۔ ابھی بھائی سب اپنی جگہ پر سیٹ ہیں گھر میں مرشد والدہ اور میں رہتی ہوں والد صاحب پیار کے جذبے سے ناآشنا تھے اور والدہ صاحبہ بچپن میں فوت ہو گئیں۔

مجھے کسی نے سپورٹ نہیں کیا۔ ماضی میں ہر چیز سے بہت خوفزدہ ہوں خیالی دنیا میں رہتی ہوں۔ زندگی سے کوئی دلچسپی نہیں مر جانے کو دل چاہتا ہے۔ اکثر اپنے گھر والوں کو اپنی ناکامیوں کا ذمہ دار سمجھتی ہوں کیونکہ والدہ مجھے بالکل باہر جانے نہیں دیتی۔

ش۔ ح ۔۔۔ آپ کی پوری لمبی چوڑی سٹوری سے یہ بات واضح ہے کہ آپ کے سامنے زندگی گزارنے کا کوئی مقصد نہیں ہے اور شادی سے آپ اس لیے خائف ہیں کہ آپ کے دل میں یہ خوف بیٹھا ہوا ہے کہ جو اپ سیٹ آپ کا ہوا ہے کہیں اس کی وجہ سے آپ کی اولاد نہ ہو۔ دراصل یہ مسئلہ صرف آپ کا نہیں ہے بلکہ لڑکیوں کی ایسی کثیر تعداد موجود ہے جو غیر شادی شدہ ہے۔ یہ لڑکیاں گھر میں بیٹھی رہیں۔ ان میں کچھ لڑکیوں کی شادی کے مسائل ہیں۔ رشتوں کا فقدان ہے اور لڑکیاں چونکہ حساس اور مجبور رہیں اپنا ایسا مقصد اور بے کار زندگی سے اکتا کر یا تو وہ فرسٹریٹڈ ہو جاتی یا پھر وہ خیالی دنیا آباد کر لیتی ہیں یا پھر ان کے سامنے اگر کوئی ملازمت یا کوئی دلچسپی مل جاتی ہے تو خود کو مصروف رکھنے کے لئے اگرچہ وہ اس میں لگ جاتی ہیں لیکن اندرونی طور پر خیالات کی دیمک انہیں چاٹ جاتی ہے چالیس پچاس سے اوپر جا کر وہ بیمار ہو کر اور مردہ دل ہو کر آہستہ آہستہ ذہنی اور روحانی خودکشی کی طرف چل دیتی ہیں۔ آپ کو بھی تنہائی کا خوف بھی ہے اور اپنے آپریشن کے سبب شادی سے بھی خوفزدہ ہیں جبکہ آپ کے مسئلہ کا واحد حل شادی اور صرف شادی ہے کیونکہ گھر میں والدہ آپ کو ہر وقت دیکھنا چاہتی ہیں۔ ملازمت آپ کر نہیں سکتیں گھر سے باہر جانے کی آزادی نہیں ہے مثلاً گھر اور ماحول کا ہے کیونکہ آپ کو بزدل اور ناکارہ بنا رکھا ہے یا تو صرف کے والدہ سے ملازمت کی یا کسی کام کی اجازت حاصل کر لیجئے خود بخود یہ کاہلی بیکاری، ابتدائی اور خوف ختم ہو جائیں گے۔ یا جو بھی رشتہ آئے اسے منظور کر لیجئے زیادہ چھان پھٹک اور خوف کا اظہار مت کیجئے ویسے تو شادی سے پہلے ہر لڑکی تھوڑی بہت پریشان اور خوفزدہ ضرور رہتی ہے۔ فضول قسم کے خدشے اسے گھیرے رہتے ہیں۔ جو شادی کے بعد بہت احمقانہ اور مضحکہ خیز ثابت ہوتے ہیں۔ پورے اعتماد سے یہ سوچ کر شادی کر لیجئے کہ آخر زندگی اب تک بھی تو گزر رہی ہے۔ خدانخواستہ کوئی خرابی ہوئی بھی تو کم سے کم اپنے فیصلوں کے سلسلے میں آپ کو آزادی حاصل ہو جائے گی، اور امید ہے کہ شادی کامیاب ثابت ہوگی اگر زندگی کا ساتھی سمجھدار اور مخلص ہو تو پھر آپ کو خود بخود کھویا ہوا اعتماد واپس مل جائے گا۔

محبت

ناشتہ کی میز پر بیوی نے شوہر سے کہا: "مجھے یقین ہے کہ تم اس وقت بھی مجھ سے محبت کرتے، جب میں بوڑھی، بدصورت اور بدنما ہو جاؤں گی۔"

شوہر نے اخبار سے نظریں ہٹائے بغیر کہا: "ہاں ہاں میری جان، میں تم سے اب بھی محبت کرتا ہوں۔"

ROYAL LePAGE

IS PLEASED TO ANNOUNCE THE APPOINTMENT
OF
MR. ABDUL SATTAR SHAIKH

- آپ کیوں مکان کا کرایہ دے رہے ہیں؟ اسی کرایے کی رقم میں آپ اپنے مکان میں رہ سکتے ہیں۔ وہ کیسے؟ یہ میں آپ کو بتا سکتا ہوں۔
- میں مسلمان برادری کا ایک خادم ہوں اور مسلمانوں کو مفت ماہرانہ مشورہ دینے کے لیے ہر دم تیار ہوں۔
- مالکین مکان مجھ سے اپنی جائیداد کی قیمت کا اندازہ مفت کرا سکتے ہیں۔

Abdul S. Shaikh
Sales Representative
Res: (416) 284-1355
Off: (416) 431-5462

ہیں بھٹو کی خواہش پر پاکستان سے باہر آیا تھا ۔ مصطفیٰ کھر

مقدمۂ قتل کے دوران بھٹو سے مسلسل رابطہ رہا وہ جانتے تھے کہ میں انہیں بچانے کیلئے کیا کچھ کر رہا ہوں ۔ مجھ سے جواب طلبی کا امکان کوئی نہیں

پاکستان میں بہت سارے "شیر" ہیں لیکن عوام کا خادم کوئی نہیں

مارشل لاء ختم ہونے پر تمام حقائق سامنے آجائیں گے عوام خود دیکھ رہے ہیں فیصلہ کریں گے

سارک میں جموں و کشمیر

مشتعل افراد نے متعدد بینکوں اور گاڑیوں کو تباہ کر دیا

ہنگاموں اور گروپ نے ایک شخص قتل کر دیا ، مظاہرین پر آنسو گیس کا استعمال

غلام مصطفیٰ کھر

اگر آپ نے شراب پی ہو تو گاڑی مت چلائیے ۔



PRAYER TIME TABLE
FOR TORONTO & VICINITY

Date	Fajr Dawn	Shuruq Sunrise	Zuhr Noon	Asr Afternoon	Maghrib Sunset	Isha Night
JANUARY						
1	6:24	7:51	12:21	2:33	4:51	6:17
5	6:25	7:51	12:23	2:36	4:55	6:21
10	6:24	7:50	12:25	2:41	5:00	6:25
15	6:23	7:48	12:27	2:46	5:06	6:30
20	6:21	7:45	12:28	2:52	5:12	6:36
25	6:18	7:41	12:29	2:57	5:18	6:41
30	6:14	7:36	12:30	3:03	5:25	6:47
FEBRUARY						
5	6:08	7:29	12:31	3:10	5:33	6:55
10	6:03	7:23	12:31	3:15	5:40	7:01
15	5:56	7:16	12:31	3:21	5:47	7:07
20	5:49	7:09	12:31	3:26	5:54	7:13
25	5:42	7:01	12:30	3:30	6:00	7:19
29	5:36	6:54	12:29	3:34	6:05	7:24
MARCH						
5	5:29	6:47	12:29	3:37	6:11	7:29
10	5:20	6:39	12:27	3:41	6:17	7:36
15	5:11	6:30	12:26	3:45	6:23	7:42
20	5:02	6:21	12:25	3:49	6:29	7:48
25	4:52	6:12	12:23	3:52	6:35	7:55
30	4:42	6:03	12:22	3:55	6:41	8:02
APRIL						
5	4:30	5:52	12:20	3:58	6:48	8:10
10	4:20	5:43	12:18	4:00	6:54	8:18
15	4:10	5:35	12:17	4:02	7:00	8:25
20	4:00	5:27	12:16	4:05	7:06	8:33
25	3:51	5:19	12:15	4:07	7:12	8:41
30	3:41	5:11	12:14	4:08	7:18	8:49
MAY (DAYLIGHT SAVING TIME STARTS)						
5	4:32	6:04	1:14	5:10	8:24	9:57
10	4:23	5:58	1:13	5:12	8:30	10:05
15	4:15	5:52	1:13	5:14	8:35	10:13
20	4:07	5:47	1:14	5:16	8:40	10:21
25	4:00	5:43	1:14	5:17	8:45	10:28
30	3:55	5:40	1:15	5:19	8:50	10:35
JUNE						
5	3:49	5:37	1:15	5:21	8:55	10:42
10	3:46	5:35	1:16	5:22	8:58	10:47
15	3:45	5:35	1:17	5:24	9:00	10:50
20	3:45	5:35	1:19	5:25	9:02	10:52
25	3:46	5:37	1:20	5:26	9:03	10:53
30	3:49	5:39	1:21	5:27	9:02	10:52
JULY						
1	3:51	5:40	1:21	5:27	9:01	10:50
5	3:53	5:41	1:22	5:27	9:01	10:49
10	3:58	5:45	1:22	5:27	8:59	10:46
15	4:05	5:49	1:23	5:27	8:56	10:40
20	4:11	5:54	1:23	5:26	8:53	10:34
25	4:19	5:58	1:24	5:25	8:48	10:27
30	4:26	6:04	1:23	5:23	8:43	10:19
AUGUST						
5	4:36	6:10	1:23	5:20	8:35	10:09
10	4:44	6:16	1:22	5:17	8:28	10:00
15	4:52	6:21	1:22	5:14	8:21	9:50
20	4:59	6:27	1:20	5:10	8:13	9:40
25	5:07	6:33	1:19	5:06	8:05	9:30
30	5:14	6:38	1:18	5:01	7:56	9:20
SEPTEMBER						
5	5:22	6:45	1:16	4:54	7:46	9:08
10	5:29	6:50	1:14	4:49	7:37	8:58
15	5:36	6:56	1:12	4:43	7:28	8:48
20	5:42	7:02	1:11	4:37	7:19	8:38
25	5:48	7:07	1:09	4:30	7:09	8:28
30	5:54	7:13	1:07	4:24	7:00	8:19
OCTOBER						
5	6:00	7:19	1:06	4:17	6:51	8:10
10	6:06	7:25	1:04	4:10	6:43	8:01
15	6:12	7:31	1:03	4:04	6:34	7:53
20	6:18	7:37	1:02	3:58	6:26	7:46
25	6:24	7:44	1:01	3:51	6:18	7:38
30	6:30	7:50	1:01	3:46	6:11	7:31
NOVEMBER (EASTERN STANDARD TIME STARTS)						
5	5:37	6:58	12:01	2:39	5:03	6:24
10	5:43	7:04	12:01	2:35	4:57	6:19
15	5:48	7:11	12:02	2:31	4:52	6:15
20	5:54	7:17	12:03	2:27	4:48	6:11
25	5:59	7:23	12:04	2:25	4:44	6:09
30	6:04	7:29	12:06	2:23	4:42	6:07
DECEMBER						
5	6:09	7:35	12:08	2:22	4:40	6:06
10	6:13	7:39	12:10	2:22	4:40	6:06
15	6:17	7:44	12:12	2:23	4:41	6:07
20	6:20	7:47	12:15	2:25	4:43	6:09
25	6:22	7:49	12:17	2:28	4:45	6:12
30	6:24	7:50	12:20	2:31	4:49	6:15

Correction - To get exact local time for other locations add to or subtract from this time table as noted below:
Windsor +14 min. London +7 min. Hamilton +2 min. Ottawa -15 min. Kingston -12 min. Niagara Falls -2 min.
Waterloo +4 min. Guelph +3 min.

غیر ممالک میں مقیم پاکستانیوں کی طرف سے لائی جانیوالی ممنوعہ اشیاء کی فہرست

وزیراعظم جونیجو ... کی جامع مسجد میں نماز جمعہ ادا کر رہے ہیں (فوٹو ...)

درہ خیبر کے قبائلی علاقے میں فوج مستقل رہے گی

باغی قبائل کے خلاف کارروائی جاری ہے۔ افغانستان سے حاصل شدہ اسلحہ ...

بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کیلئے
سامان لانے کی پابندیاں سخت کردی گئیں

IATA

قابل اعتماد
ادارہ
سستے ترین ٹکٹ

ہمارا مشورہ اور آپ کی بچت

دنیا کے کسی بھی ملک کے لئے ٹکٹ خریدنے سے قبل ہم سے مشورہ ضرور کریں۔

WORLD WIDE

پی آئی اے کے واحد منظور شدہ ایجنٹ

Cumberland Travels Ltd

50 Cumberland Street
Toronto, Ontario
Canada M4W 1J5
Phone: (416) 922-5339

Complete Collision Service

- WE DO INSURANCE CLAIMS
- SPECIAL ON COMPLETE PAINT 399.00
- FREE PIN STRIPING ETC.

CALL
MOHAMMAD MUNIR
759-5810
(Res: 266-6428)

M & D
AUTO BODY REPAIR
260 MIDWEST RD., UNIT 5
SCARBOROUGH, ONT. M1P 3B4

Halal Beef, Lamb, Poultry & Groceries

تازہ حلال گوشت اور مرغیاں

ZABEEHA MEAT &
GROCERY STORE
1536 Warden Avenue
SCARBOROUGH
Tele: 445-1272

خدا سے ڈرنے والوں کے لئے

حضرت انسؓ سے روایت ہے وہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن (ان فرشتوں کو جو دوزخ پر مقرر ہوں گے) حکم دے گا کہ جس شخص نے کبھی مجھے یاد کیا، یا کسی موقع پر جو مجھ سے ڈرا اس کو دوزخ سے نکال لیا جائے۔ (ترمذی)

اللہ زمین اور آسمانوں کا نور

اللہ آسمانوں اور زمین کا نور ہے (کائنات ہیں) اس کے نور کی مثال ایسی ہے۔ جیسے ایک طاق میں چراغ رکھا ہوا ہو چراغ ایک فانوس میں ہو، فانوس کا حال یہ ہو کہ جیسے موتی کی طرح چمکتا ہوا تارا۔

(النور ۳۵)

الاِنَّ اَولِیَاءَ اللّٰہِ لَا خَوفٌ عَلَیہِم وَلَا ہُم یَحزَنُونَ

سن لو جو اللہ کے دوست ہیں ان کو نہ خوف ہوگا اور نہ غم ہوگا (القرآن)

پندرہ روزہ الہلال ٹورانٹو

ہمارے مسائل

ٹورانٹو کے روزنامہ "سٹار" کے حالیہ سروے "اقلیتی رپورٹ" کے مطابق میٹرو ٹورانٹو کی آبادی میں پاکستانیوں کو سب سے زیادہ حقارت کی نظر سے دیکھا جاتا ہے۔ اس رپورٹ میں درج ہے کہ ۳۶ فیصد لوگ پاکستانیوں کے بارے میں تعصب کے جذبات رکھتے ہیں۔ یہ سروے ٹورانٹو میں آباد تقریباً ایک سو مختلف قومیتوں کے بارے میں تھا جو دنیا کے مختلف ممالک اور علاقوں سے آکر یہاں آباد ہوئے ہیں۔

ٹورانٹو کی دو ملین آبادی میں آدھے سے کچھ کم انگریز ہیں اور باقی آبادی کے بڑے بڑے گروہوں میں اٹالین، فرانسیسی، جرمن، پرتگیز، یہودی، چینی، ہندوستانی اور پاکستانی ہیں۔ یہاں کے مقامی باشندوں (ریڈ انڈین) کی آبادی ٹورانٹو میں ایک فیصد سے بھی کم ہے۔ ایک اندازے کے مطابق پاکستانیوں کی آبادی ٹورانٹو میں بیس ہزار کے لگ بھگ ہے۔

[illegible]

فرمانِ رسولؐ

عمرو بن شعیب اپنے والد شعیب سے اور وہ اپنے دادا حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا "جو آدمی ہمارے چھوٹوں کے ساتھ شفقت کا برتاؤ نہ کرے اور بڑوں کی عزت کا خیال نہ کرے وہ ہم میں سے نہیں ہے"۔ (جامع ترمذی، ابو داؤد)

بے فیض عبادت

حکایاتِ سعدی سے ایک اقتباس

حضرت سعدیؒ بیان فرماتے ہیں کہ میں نے ملک شام میں رہنے والے ایک بزرگ صفت شخص کا ذکر سنا تو اپنے کچھ دوستوں کو ساتھ لے کر اس کی زیارت کے لئے پہنچ گیا۔ یہ شخص خاصا خوشحال تھا ... [illegible]

تلخ و شیریں

انصار مرزانی

[illegible]

UNIMPORTANT PERSON

[illegible]

Date	Fajr Dawn	Shuruq Sunrise
JANUARY		
1	6:24	7:5
5	6:25	7:5
10	6:24	7:5
15	6:23	7:4
20	6:21	7:4
25	6:18	7:4
30	6:14	7:3
FEBRUARY		
5	6:08	7:2
10	6:03	7:2
15	5:56	7:1
20	5:49	7:0
25	5:42	7:0
29	5:36	6:5
MARCH		
5	5:29	6:4
10	5:20	6:3
15	5:11	6:3
20	5:02	6:2
25	4:52	6:1
30	4:42	6:0
APRIL		
5	4:30	5:5
10	4:20	5:4
15	4:10	5:3
20	4:00	5:2
25	3:51	5:1
30	3:41	5:1
MAY (DAYLIG		
5	4:32	6:0
10	4:23	5:5
15	4:15	5:5
20	4:07	5:4
25	4:00	5:4
30	3:55	5:4
JUNE		
5	3:49	5:3
10	3:46	5:3
15	3:45	5:3
20	3:45	5:3
25	3:46	5:3
30	3:49	5:3

Comp
- WE D
- SPEC
- FREE



صحت کے لیے آرام بھی ضروری ہے

عشرت

جسم ایک مشین ہے، جس کے مختلف اعضا مشین کے پرزوں کی طرح مسلسل کام کرتے رہتے ہیں۔ ۲۴ گھنٹہ میں ہمارا دل ایک لاکھ بار سے زیادہ دھڑکتا ہے، اور پانچ ہزار گیلن خون پھینکتا ہے اور اس کے لیے ضروری ہے کہ دل کو تھوڑا آرام بھی ملے، ویسے تو قدرت نے دل کو آرام دینے کا عمل خود ہی تیار کر رکھا ہے اور یہ آرام وہ پھیلنے اور سکڑنے کے درمیان بہت ہی مختصر وقفے کے دوران حاصل کر لیتا ہے، جب تک دل کو یہ آرام قدرتی ڈھنگ اور عمل کے ذریعہ حاصل ہوتا رہتا ہے وہ اپنا کام صحیح ڈھنگ سے کرتا رہتا ہے لیکن جب اس آرام میں رکاوٹ پڑتی ہے تو دل اپنا کام صحیح ڈھنگ سے نہیں کر پاتا۔

جسم کے ہر عضو کو چونکہ مسلسل کام کرنا پڑتا ہے اور اس کام کو صحیح ڈھنگ سے انجام دینے کے لیے ضروری ہے کہ جسمانی اعضا کو مناسب آرام بھی ملے صحت کو قائم رکھنے اور جسمانی نظام کو صحیح ڈھنگ سے چلانے کے لیے آرام کی بڑی اہمیت ہے۔ عام طور سے لوگ آرام کو اہمیت نہیں دیتے، جبکہ ایک قدرتی خوبی ہے کہ آپ کا جسم مناسب آرام ملنے کے بعد دوبارہ بھرپور محنت اور کام کرنے کے قابل بن جاتا ہے، عموماً لوگ جسمانی طاقت، تازگی اور پھرتی قائم رکھنے کے لیے ٹانک اور مقوی غذا اور دواؤں کا استعمال کرتے ہیں لیکن وہ اس بات سے ناواقف ہوتے ہیں کہ کام کے وقفے میں یا دن بھر کی مصروفیت کے دوران اگر وہ صحیح ڈھنگ سے اپنے جسم کو آرام دینے کی طرف بھی توجہ دیں تو ٹانک اور دواؤں سے زیادہ فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔

ایک مشہور ڈاکٹر نے کہا ہے کہ آرام بذات خود ایک عمدہ دوا ہے۔ آرام کے بنا انسان کبھی صحت مند نہیں رہ سکتا، آرام ہماری قوت کو متوازن رکھتا ہے اور استعمال شدہ قوت کو دوبارہ حاصل کرنے میں اہم پارٹ ادا کرتا ہے۔

آج کے مصروف ترین زمانے میں ہم مسلسل اپنی قوت کا استعمال کرتے رہتے ہیں اور اگر ہم اس خرچ کرنے والی قوت کو دوبارہ حاصل کرنے کے عمل سے لاپرواہی برتیں گے تو ہمارا جسم کمزور ہو جائے گا۔ اور ہم جلد ہی مختلف بیماریوں کا شکار ہو جائیں گے۔ آرام کرنے سے آپ کو دوبارہ کام کرنے کی قوت، تحریک اور جسمانی پھرتی حاصل ہو جاتی ہے۔ آرام کے وقفے میں ہمارے جسمانی اعضا اپنی کھوئی ہوئی طاقت کو حاصل کرنے میں لگ جاتے ہیں اور یہی توازن ہمیں صحت مند رکھتا ہے۔ جس لمحہ ہم جسم اور دل پر فوری اثر کرنے والے تناؤ کو ملتوی کر یا آرام کر کے دور کر دیتے ہیں، اس وقت ہمارے دل پر خون کا دباؤ کم ہو جاتا ہے اور دل کی دھڑکن دھیمی پڑ جاتی ہے نسیں آرام کرتی ہیں۔

بھرپور نیند بھی صحت کے لیے ضروری ہے۔ گہری نیند صحت پر اچھا اثر ڈالتی ہے۔ جب ہم بے فکری کی نیند لیتے ہیں تب ہی ہمارے دماغ اور جسم کے دوسرے اعضا کو بھرپور آرام میسر ہوتا ہے۔

بے چینی، ادھوری اور نامکمل نیند کا ہماری صحت پر الٹا ہی اثر پڑتا ہے، اس طرح کی نیند سے جسم ٹوٹا ٹوٹا سا اور دماغ بھاری بھاری لگتا ہے۔ اس لیے نیند کا صحیح طریقہ اپنایئے۔

یہ ضروری نہیں ہے کہ آپ کافی وقت تک سوئیں لیکن یہ ضروری ہے کہ آپ جتنی دیر بھی سوئیں بھرپور اور بے فکری کی گہری نیند سوئیں۔

گہری اور بھرپور نیند کے لیے ضروری ہے کہ آپ کھانے پینے اور سونے کے اوقات پر دھیان دیں۔

اگر آپ دن کے وقت میں تھوڑا سا وقت آرام کے لیے نکال سکیں تو صحت کے لیے یہ آرام کسی ٹانک سے کم نہیں ہوگا۔

ضروری نہیں کہ آپ دن میں بستر پر ہی لیٹ کر آرام کریں، کرسی پر بھی بیٹھ کر آپ آرام کر سکتے ہیں۔ لیکن اس دوران آپ کا دماغ تناؤ اور ہر طرح کی فکر سے خالی ہونا چاہیے۔ جسم کو مکمل طور سے ڈھیلا چھوڑ دیجیے۔

دن کے وقت کا یہ مختصر آرام آپ کو از سر نو قوت اور پھرتی مہیا کرے گا۔

آج کی مصروف ترین زندگی میں جب انسان کو ایک لمحہ بھی فرصت کا مشکل سے نصیب ہوتا ہے، آرام کے لیے وقت نکالنا مشکل سہی لیکن آپ کی صحت اور توانائی کے لیے یہ بہت ضروری ہے کہ آپ چاہے جتنے مصروف ہوں لیکن آرام کے لیے اتنا وقت ضرور نکال لیجیے کہ آپ اپنی کھوئی ہوئی توانائی اور طاقت کو دوبارہ حاصل کر سکیں۔

تازہ بہ تازہ

اردو شاعری میں اساطیری عناصر

وفاقی گورنمنٹ اردو کالج کراچی کے شعبہ اردو کے لیکچرار اور نوجوان دانشور محمد ذاکر نسیم "اردو شاعری میں اساطیری عناصر" کے عنوان سے پی ایچ ڈی کے لیے مقالہ تحریر کریں گے اردو کے ممتاز دانشور اور نقاد پروفیسر جناب ممتاز حسین صاحب ان کے نگران ہوں گے۔ ذاکر نسیم اپنے زمانہ طالب علمی میں اردو کالج کے مجلہ "برگ گل" کے [illegible] نمبر کے مدیر اور ماہنامہ [illegible] کے مدیر رہے ہیں۔ وہ مقامی اخبارات میں صحافتی فرائض بھی انجام دے چکے ہیں۔

فیض پر ریاض صدیقی کی تازہ کتاب

فیض کی ادبی شخصیت اور تنقید کے موضوع پر ریاض صدیقی کے تازہ مضامین کا مجموعہ "دیکھتا چل" [illegible] فیض کی برسی کے موقع پر یہ کتاب [illegible] سے شائع ہو رہی ہے۔

مظفر وارثی کا تازہ مجموعہ کلام "الحمد"

ملک کے ممتاز و معروف شاعر جناب مظفر وارثی کا تازہ اور نیا مجموعہ کلام "الحمد" شائع ہو گیا ہے۔ یہ مجموعہ حمد و ثنا پر مشتمل ہے۔ اس کی نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ نہ صرف اردو زبان بلکہ فارسی اور عربی میں بھی کسی ایک شاعر کا کتابی شکل میں مجموعہ حمد و ثنا نہیں ملتا۔ یہ اعزاز چودہ سو سال بعد قدرت نے مظفر وارثی کو بخشا ہے۔ مظفر وارثی غزل اور نعت کے منفرد شاعر ہیں۔ اس سے پہلے ان کے چار مجموعے آ چکے ہیں۔ جن میں "برف کی ناؤ" اور "کھلے دریچے" غزلوں کے اور "باب حرم" اور "نور ازل" نعتوں کے مجموعے ہیں۔ "الحمد" کی تقریب رونمائی عنقریب کراچی میں منعقد ہو رہی ہے۔ جس کی صدارت صدر پاکستان جنرل محمد ضیاء الحق کریں گے۔

اردو ادب میں پیروڈی

محترمہ عشرت بانو پٹنہ یونیورسٹی میں "اردو ادب میں پیروڈی" کے موضوع پر پی۔ ایچ۔ ڈی کے لیے مقالہ لکھ رہی ہیں۔ واضح رہے کہ اس صنف ادب پر [illegible] کی کتاب شائع ہو چکی ہے۔ عشرت بانو نے علمی و ادبی حلقوں سے درخواست کی ہے کہ وہ پیروڈی کے تعلق سے مواد فراہم کر کے ان سے تعاون کریں۔ ان کا پتہ یہ ہے۔
عشرت بانو معرفت ڈاکٹر ممتاز احمد صدر شعبہ اردو پٹنہ یونیورسٹی، پٹنہ ۵ - (بھارت)

MALVERN PRINTING PRESS
(416) 291-1137

- BOOKS
- FLYERS
- CALENDARS
- BUSINESS CARDS
- BROCHURES
- INVOICES
- LETTERHEADS

FREE ESTIMATES
FAST SERVICE

317 Burrows Hall Blvd.
Scarborough, Ont. M1B 1N5

ہر قسم کی [illegible]

مالورن پرنٹنگ پریس کینیڈا

افسانہ

میرا گیت امر کر دو

نگہت غفار

طلعت آپ نے بلایا تھا...... افشین نے عاجزی سے شوہر کی طرف دیکھا جو شام کا اخبار پڑھ رہا تھا۔ افشین نے چائے کی پیالی میاں کو دیتے ہوئے کہا کیا طلعت ہم یہاں جائیں گے؟ آپ پاکستان جا رہے ہیں [illegible] مجھے تو..... صرف اور صرف آپ چاہیے آپ کی محبت آپ کی قربت آپ کی خوشبو..... وہ کہتے کہتے رک گئی اس کی بڑی بڑی آنکھوں میں آنسو تیرنے لگے۔ [illegible]

ادب و ثقافت

دید و بازدید

نوراسد سیفی

- تعریف نگاری کا ترقی پسند منصوبہ
- تنقید کا نیا رجحان "اس ہاتھ دے اس ہاتھ لے"
- ماہنامہ ادبی روایت کے فروغ میں "قومی زبان" اور "نگار" کا حصہ
- جوش، فراق اور فیض کے بت ٹوٹ رہے ہیں

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ترقی پسند ادیبوں نے ایک دوسرے کو بڑھاوا دینے کے لئے تعریف نگاری کے جس باقاعدہ منصوبے پر کام شروع کیا تھا وہ اب ترقی پسندوں تک محدود نہیں رہا بلکہ تعریف جو اپنے احساس کی کمی چھپانے ... [illegible]

[illegible]

پروین شاکر

○

[illegible]

اجنبی

کھوئی کھوئی آنکھیں

بکھرے بال

شکن آلود قبا

لُٹا لُٹا انساں!

[illegible]

کانچ کی سرخ چوڑی

[illegible]

مسئلہ

[illegible]

ایسنز

[illegible]

دو نوں میری نظر بچا کر

[illegible]

میں دو نوں سے دُور

دریچے کے نزدیک

اپنی ہتھیلی پہ اپنا چہرہ رکھے

کھڑکی سے باہر کا منظر دیکھ رہی ہوں

سوچ رہی ہوں

گئے دنوں میں ہم بھی یونہی ہنستے تھے!

الجھن

[illegible]

قرۃ مشترک

افتخار عارف

شہر سب ایک سے ہوتے ہیں

کہیں قہوہ خانے ہیں بہت

اور کہیں رہنما ڈھیر سے یا لوگ جرائم پیشہ

مختصر یہ ہے کہ بیچاری یہ اللہ کی زمیں

اپنی گردش کے علاوہ بھی ہے مجبور بہت

ادبی لطائف

- جگر مراد آبادی کسی مشاعرہ میں کلام سنا رہے تھے اور سامعین بے تحاشہ داد دے رہے تھے۔ لیکن ایک صاحب بالکل خاموش تھے۔ جگر نے اپنی غزل کا آخری شعر پڑھا تو یہ صاحب بے ساختہ داد دینے لگے۔ جگر نے حیرت سے انھیں دیکھا اور کہا "کیا آپ کے پاس قلم ہے؟" "جی ہاں یہ لیجئے۔ لیکن قلم کی ایسی کیا ضرورت آپڑی؟" جگر صاحب نے کہا "میرے اس شعر میں ضرور کچھ نہ کچھ خامی ہوگی! ورنہ آپ مجھے داد نہ دیتے۔ ایسے میں اپنی غزل سے ہی نکال دیتا ہوں!"

- ایک محفل میں مولانا آزاد اور مولانا ظفر علی خان حاضر تھے۔ مولانا آزاد کو پیاس محسوس ہوئی تو ایک بزرگ جلدی سے پانی کا پیالہ لے آئے۔ مولانا آزاد نے ہنس کر فرمایا۔

لے کے اک پیر مغاں ہاتھ میں مینا آیا

مولانا ظفر علی خاں نے برجستہ کہا۔

"میکشو! شرم کہ اس پر بھی نہ پینا آیا"

- مولانا محمد علی جوہر عربی لباس پہن کر ایک جلسہ میں تشریف لائے۔ ان کا یہ حلیہ دیکھ کر ان کے ایک انگریز دوست نے کہا "اوہ مولانا آپ تو پہچانے بھی نہیں جاتے۔ میں سمجھا کہ کوئی عرب آرہا ہے۔"

مولانا نے برجستہ کہا "لیکن جب میں سوٹ پہن کر آتا ہوں تو آپ نے مجھے کبھی انگریز نہیں سمجھا۔"

مختصر اشتہارات

مختصر اشتہارات کا معاوضہ
صرف 10 ڈالر ہے
جس کی ادائیگی پیشگی ضروری ہے

مندرجہ ذیل رشتوں سے دلچسپی رکھنے والے اشتہار نمبر کے حوالے سے "الہلال" کی معرفت خط لکھیں اور جواب کے لیے اپنا فون نمبر تحریر فرمائیں۔ پتہ ہے۔

ADVERTISEMENT No....
C/O AL-HILAL
338 HOLLYBERRY TRAIL
NORTH YORK, ONT
M2H 8P6

***

اشتہار نمبر (۳۹): سعودی عرب میں معقول ملازمت پر فائز، شریف ہندوستانی گھرانے کے ۲۶ سالہ، دراز قد اور وجیہہ لڑکے کے لیے صاحب العمر لڑکی کا رشتہ مطلوب ہے۔ لڑکے کے رشتہ دار ٹورانٹو میں موجود ہیں۔

★

اشتہار نمبر (۴۰): کینیڈین امیگرنٹ، پڑھی لکھی، قبول صورت لڑکی کے لیے امریکی شہریت رکھنے والے پروفیشنل کا رشتہ درکار ہے جس کی عمر اندرون ۳۵ سال ہو۔ شادی میں سنجیدگی سے دلچسپی رکھنے والے توجہ فرمائیں۔

★

اشتہار نمبر (۴۱): یو۔پی سے تعلق رکھنے والا گریجویٹ، جوان صالح جو آج کل خلیج میں برسر روزگار ہے اور عنقریب چھٹی پر ٹورانٹو میں اپنی بہن کے پاس آنے والا ہے، شریف گھرانے کی سیدھی سادی لڑکی، عمر اندرون ۳۰ سال سے رشتہ کا خواہشمند ہے۔ دلچسپی رکھنے والے اپنے فون نمبر کے ساتھ اس اخبار کی معرفت خط لکھیں۔

★

اشتہار نمبر (۴۲): کینیڈین شہریت رکھنے والی ایک ۲۹ سالہ پاکستانی پٹھان سنی مسلم دوشیزہ کے لیے موزوں رشتہ درکار ہے۔ مادری زبان اردو اور خاندان کا تعلق یو۔پی ہندوستان سے ہے۔ مناسب رشتے کی صورت میں اسپانسر بھی کیا جا سکتا ہے۔ تفصیلی کوائف معہ تصویر پہلے ہی خط میں ارسال فرمائیں۔

★

اشتہار نمبر (۴۳): مالی طور پر آسودہ کینیڈین امیگرنٹ نہایت ہی شریف ۳۵ سالہ خاتون کے لیے جن کی شادی نامساعد حالات کی بنا پر بروقت نہ ہو سکی، مسلمان، مناسب العمر اور شریف الطبع شخص کا رشتہ مطلوب ہے۔

مقامی خبریں

وزیر اعظم برائن ملرونی

ادارہ "کریسنٹ و الہلال" کے ذریعے وزیر اعظم کینیڈا جناب برائن ملرونی نے قارئین کے لیے سال نو کی مبارکباد اور عید کے لیے نیک خواہشات کا تحفہ بھیجا ہے۔ (ادارہ)

نوٹ

تعطیلات کے باعث "الہلال" کے اس شمارے کے ساتھ ۲۵ دسمبر کا اگلا شمارہ بھی شامل کر دیا گیا ہے۔ ۱۰ جنوری ۹۲ء کا شمارہ حسب معمول وقت پر شائع ہوگا۔ —— (ادارہ)

بزم طلوع اسلام ٹورانٹو کی جانب سے علامہ غلام احمد پرویز کا خصوصی خطاب بعنوان "قرآن اور سائنس" وی سی آر پر، اتوار ۲۹ دسمبر کو ۲ بجے دن پیش کیا جا رہا ہے۔ ارباب فکر و نظر سے شرکت کی درخواست ہے۔

مقام: 335 DRIFTWOOD AVE (NEAR JANE & FINCH)

معلومات کے لیے فون کیجیے:
محمود خان: 661-2827
محمد فاروق: 848-4613
عبدالرشید قریشی: 678-1486
توفیق علی الرینہ: 923-8532

وقت کی پابندی کا خیال رکھیے۔

ہتھوڑا گروپ ـــــ خانہ صفت

ہر سانس پہ ہوتا ہے گماں جیسے اجل کا
وہ زہر فضاؤں میں کھلا چھوڑ دیا ہے
جکڑے ہوئے ہاتھوں میں کوئی اینٹ نہ پتھر
بس راہ میں کتوں کو کھلا چھوڑ دیا ہے

GIVE THE MOST PRECIOUS GIFT OF LIFE
QUR'ANIC TAPES
[WITH ENGLISH TRANSLATION]
Recitation by Qari Ghulam Rasul
English narration by Dr Yaqub Zaki
EACH SET CONTAINS 32 TAPES OF CLEAR AND CRISP QUALITY BOUND IN BEAUTIFUL GREEN VINYL CASING WITH GOLD LETTERS
SPECIAL PRICE
US$ 145
[POSTAGE: $10 PER SET]
[REGULAR PRICE US$185]
Order From:
THE OPEN PRESS
300 STEELCASE RD. WEST #8
MARKHAM, ONT. L3R 2W2

سکول سے نکل چکے ہو؟
بے روزگاری کا شکار ہو؟
عمر ۲۵ سال کے اندر ہے؟
ہمت سے کام لو
اگر تم نے اپنی طرف سے پوری کوشش کی تو ہم تمھیں ایک سال تک معاوضے کے ساتھ تمھاری ملازمت پر ہی ٹریننگ دینگے
ذیل کے نمبر پر بلاخرچ فون کریں۔
1-800-387-0777.

FUTURES
Training Ontario's youth for work
Ministry of Skills Development
Ontario
Minister, Hon. Gregory Sorbara
Premier, Hon. David Peterson

کراچی جہاں امن و امان کا مسئلہ پھر پیدا ہو گیا!

رپورٹ: مختار عاقل

صوبہ کے سیاسی اور سماجی حلقے حالات کے موجودہ صورت پر مضطرب ہیں کہ ملت کا سفینہ کہاں جا کر ٹھہرے گا۔ شہریوں کے اذہان پر معلوم اور نامعلوم خوف، خدشات اور اندیشوں کی پرچھائیاں رقصاں ہیں۔ صوبے کے مختلف علاقوں میں ایک ماہ کے دوران زیر نظر سطور تحریر کرنے تک ۸ افراد کو سرِ گلی کر ہلاک کیا جا چکا ہے۔ نواب شاہ کی تفصیل ... کی شب تین وارداتیں ہوئیں جن میں ڈاکوؤں نے ۷ افراد کو جن میں ایک خاتون بھی شامل ہے موت کے گھاٹ اتار دیا۔ صوبہ کے مختلف اضلاع میں اس نوعیت کی وارداتیں روز مرہ کا معمول بن چکی ہیں اور کالعدم ... پارٹی کے صوبائی سربراہ غلام مصطفیٰ جتوئی کے مطابق دن کے وقت بھی لوگ خود کو غیر محفوظ تصور کرنے لگے ہیں ...

مطالبات اپنی جگہ بجا ہیں لیکن لوگوں کا فوری مسئلہ جان و مال اور عزت و آبرو کا تحفظ ہے۔ سیاسی جماعتیں اگر معاشرے میں تیزی سے سرایت کرنے والے خوف کو زائل نہیں کر سکتیں تو کم از کم اپنے اتحاد اور یکجہتی کے ذریعے ایک امید ... کراچی میں ان دنوں یہ بات عام کہی جاتی ہے کہ مسائل ...

جانب سے ۸ ہزار گولیوں کا استعمال حیران کن بات ہے۔ ... کے جو اشعارات سے یہ بات بھی ظاہر ہوتی ہے کہ امان اللہ نیازی اور اس کے ساتھی آخری وقت پر ہاتھ اٹھا کر باہر آ گئے تھے اور انہوں نے ہتھیار پھینک دیئے تھے لیکن اس کے باوجود انہیں زندہ پکڑنے کی بجائے گولیوں کا نشانہ بنایا گیا ... ان تمام امور کی تحقیقات کیلئے اب ایک باقاعدہ تحقیقاتی کمیشن بنا دیا گیا ہے جو واقعات کی روشنی میں اپنی رپورٹ مرتب کرے گا۔

امان اللہ نیازی اور اس کے ساتھیوں کے بارے میں بھی متضاد اطلاعات گردش کر رہی ہیں ...

ہتھوڑا گروپ کی سرگرمیوں پر قابو پانے کے لیے کئی ایجنسیوں کو چوکس کر دیا گیا

ویسٹ انڈیز نے آخری میچ میں پاکستان کو ۸ وکٹوں سے ہرا دیا

۵ میچوں کی سیریز ویسٹ انڈیز نے پاکستان کو ۳ ـ ۲ سے شکست دی

شائقین نے ہنگامہ کر دیا، شائقین نے کو آگ لگا دی، پولیس نے آنسو گیس پھینکی

کراچی ـــــ ویسٹ انڈیز نے یہاں پانچویں اور آخری ایک روزہ میچ میں پاکستان کو ۸ وکٹوں سے ہرا کر سیریز ۳ ـ ۲ سے جیت لی۔ میچ کے دوران ہنگامے کی وجہ سے ۴۰ اوورز کے بجائے ۳۸ اوورز کا میچ کھیلا گیا۔ پاکستان نے سات وکٹوں کے نقصان پر ۳۸ اوورز میں ۱۲۷ رنز بنائے۔ ویسٹ انڈیز نے ۳۲ اوورز میں ۲ وکٹوں کے نقصان پر ۱۲۸ رنز بنا کر میچ جیت لیا ...

اسکور بورڈ

پاکستان

محسن خان	ک ڈوجون ب مارشل	۵۲
شعیب محمد	ک رچرڈسن ب گرے	۱
وسیم راجہ	ک ڈوجون ب مارشل	صفر
سلیم ملک	رن آؤٹ	۷
عمران خان	رن آؤٹ	۱۹
جاوید میانداد	ب ہولڈنگ	۲۸
عبدالقادر	ناٹ آؤٹ	۵
وسیم اکرم	ب ہولڈنگ	صفر
ذوالقرنین	ناٹ آؤٹ	۴
ایکسٹرا		۹
میزان	(سات وکٹ پر)	۱۲۷

بولنگ کا تجزیہ

نام	اوورز	میڈن	رنز	وکٹ
مارشل	۸	۱	۲۵	۲
گرے	۹	۳	۱۴	۱
...	۸	صفر	۲۰	صفر
ہولڈنگ	۸	صفر	۳۵	۲
...	۹	صفر	۲۰	صفر
...	۱	صفر	۹	صفر

ویسٹ انڈیز

ہینس	ک محسن خان ب ...	۳۹
رچرڈسن	...	۱۴
...	ناٹ آؤٹ	۲۰
...	ناٹ آؤٹ	...
ایکسٹرا		۱۹
میزان	(دو وکٹ پر)	۱۲۸

بولنگ کا تجزیہ

نام	اوورز	میڈن	رنز	وکٹ
وسیم	۸	صفر	۲۵	۱
...	۷	۱	۲۷	۱
قادر	۸	۲	۱۹	صفر
عمران	۸	۲	۱۹	صفر
توصیف	۳.۱	صفر	۱۲	صفر

بھارت نے ملائشیا کو ہرا کر چھ ممالک کا ہاکی ٹورنامنٹ جیت لیا

بھارت نے چار اور ملائشیا نے دو گول کئے، پاکستان نے تیسری پوزیشن حاصل کی

کسی طبقے کی دل آزاری کا سبب بننے والے فیصلے کو بدل دینے میں حرج نہیں: دلیپ کمار

اسلامی قوانین کی بیخ کنی کی کوشش کرنے والوں کو تاریخ میں ولن کی حیثیت سے جگہ ملے گی: وحیدہ رحمان

حکومت کو شریعت کے معاملات میں مداخلت نہیں کرنا چاہیے: ستارہ بانو

شاہ بانو کیس کے فیصلے پر فلمی ستاروں کا ردعمل

نئی دہلی ـــــ شاہ بانو کیس میں بھارتی سپریم کورٹ کے فیصلے پر علماء اور سیاسی رہنماؤں کے علاوہ دیگر شعبہ ہائے زندگی سے متعلق افراد کی طرف سے بھی شدید ردعمل کا سلسلہ جاری ہے۔ ردعمل کا اظہار کرنے والوں میں فلمی صنعت سے متعلق افراد بھی شامل ہیں ...



دلیپ کمار — شبانہ اعظمی

عراق اور ایران کے سکریٹری کے سانحہ پر ظہیر عباس اور حسیب احسن کا اظہار افسوس

مارشل لاء کے خاتمے سے کوئی فرق نہیں پڑے گا: اصغر خان

پاکستان نے مسلسل تیسری بار اسکواش کا عالمی اعزاز حاصل کر لیا

ستارہ کیا مری تقدیر کی خبر دے گا!

ملکہ ترنم نے واشنگٹن میں فن کا مظاہرہ کیا

دلیپ علی، نور جہاں، خوشی میں شریک نہیں ہوں گے

جہاں بجتی ہے شہنائی ......

بھارت نے پاکستان سے ملحقہ سرحد پر کرفیو نافذ کر دیا

مشرقی پنجاب کے تمام تندرست افراد کو گشتی دستوں میں شامل ہونے کا حکم

مشرقی پنجاب میں انتہا پسند سکھوں نے تین افراد کو ہلاک اور پانچ کو زخمی کر دیا۔

[illegible]

ایرانی شیعہ اور سنی ایک ہی امام کے پیچھے نماز پڑھتے ہیں، محمود موسوی

[illegible]

میرے والد نے بھٹو صاحب کو بتا دیا تھا کہ فوج آنے والی ہے: فاروق مودودی

[illegible]

کے جی بی یا سی آئی اے
شاہنواز کو کس نے قتل کیا؟

[illegible]

نوابزادہ نصر اللہ خاں کی تازہ غزل

[illegible]

لفٹ



اس سلسلے میں کیا اقدام لیے جا رہے ہیں؟

حکومت نے عورتوں کو یکساں تنخواہ اور یکساں مناصب دلوانے کے لیے ایک گرین پیپر تیار کیا ہے۔ تاکہ عوام کو واقفیت ہو اور اس سلسلے میں وہ خود کوئی قدم اٹھا سکیں۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ جنس کی بناء پر تنخواہوں کا امتیاز ختم ہو۔ تنخواہ مساوی کرنے کی خاطر مردوں کی تنخواہ کم نہیں کی جائے گی۔ اور نہ کوئی قانون واپس لیا جائے گا۔

حکومت یہ سمجھتی ہے کہ مساوی تنخواہ کا اصول لاگو کرنے میں آجر، یونین اور تمام متعلقہ افراد کی



مختلف اشیاء کے ہم قدر ہونے کا خیال نیا نہیں ہے۔ جیسا کہ سب ہے اور پروں کے تول کی اس تصویر کی وضاحت سے پتہ چلتا ہے کہ یہ دو مختلف اشیاء ایک مشترک عنصر یعنی وزن کے لحاظ سے ایک جیسی ہو سکتی ہیں۔

کسی جگہ ہونے والے کئی مختلف کام اپنی اہمیت کے اعتبار سے یکساں ہوتے ہیں۔ اسی لیے حکومت اونٹاریو مساوی تنخواہ کی پالیسی کی قائل ہے۔

مساوی تنخواہ کی تشریح

مساوی تنخواہ کے اصول کے مطابق ایسے غیر جنسی عناصر کو چھوڑ کر جو تنخواہ پر اثر انداز ہوتے ہیں، دیکھنے میں اور ہے میں یکساں اہمیت کا کام کرنے والے تمام افراد کی تنخواہ بلا لحاظ جنس ایک جیسی ہونی چاہیئے۔ غیر جنسی عناصر کی ایک مثال

What Weighs More, A Pound Of Lead Or A Pound Of Feathers?

Neither.
They Both Weigh The Same.
They Are Equal.

کوششیں درکار ہوں گی۔

چنانچہ حکومت اُن افراد سے مدد کی خواہاں ہے جو مساوی تنخواہ کے اس قانون سے متاثر ہوں گے۔ تاکہ ایسی معلومات اور حقائق حاصل ہو سکیں جس سے ایک منصفانہ اور لائق کار مساوی تنخواہ کا قانون نافذ ہو سکے۔ اس سلسلے میں مختلف مسائل پر بات چیت کے لیے سماعت عامہ کی کئی نشستیں مقرر کی جائیں گی۔

اگر آپ کو گرین پیپر کی کاپی چاہیئے یا مساوی تنخواہ کے قانون کے بارے میں مزید معلومات کی ضرورت ہو تو ذیل کے پتے پر خط لکھئے:

PAY EQUITY
QUEEN'S PARK
TORONTO
ONTARIO
M7A 1C2

تاریخی اعتبار سے مرد اور عورتیں مختلف کام کرتے رہے ہیں۔ اور روایت یہ رہی ہے کہ عورتوں کو کم اجرت ملی ہے۔ حالیہ کینیڈین اعداد و شمار کے مطابق کام کی پانچ قسمیں ہیں جو بیس سے بیس قسم کے کام ایسے ہیں جنہیں اکثر عورتیں انجام دیتی ہیں۔ اور یہ کام وہ ہیں جن میں تنخواہ کم ہوتی ہے۔ مساوی تنخواہ کی اسکیم کا مقصد ایسے کاموں کی صحیح قدر منوانا اور عورتوں کو ان کاموں کی خاطر خواہ اجرت دلوانا ہے۔

مقصد کے تحت مزدوری کرتے ہیں۔ انہیں پیسے کی ضرورت ہوتی ہے۔ عورتیں کام کی دنیا میں نئی نہیں۔ وہ ابتداء سے کام کر رہی ہیں اور اونٹاریو میں تقریباً چالیس فی صد عورتیں ایسی ہیں جو غیر شادی شدہ، بیوہ یا مطلقہ ہونے کی بناء پر اپنی اور اپنے خاندان کی تنہا کفیل ہیں۔

پیشے کی علیحدگی

کام کو یہ تقسیم بار بار سُنی جاتی ہے کہ "مردوں کا کام" اور "عورتوں کا کام"

کام میں کسی کا سپروائزر ہونا ہے۔

کینیڈا میں ہزاروں عورتیں UNDER VALUED کام کرتی ہیں۔ جن کی بناء پر وہ معاوضہ پانے میں جنسی تفریق کا شکار ہو جاتی ہیں۔ حالانکہ اس کمپنی کے لیے ان کا کام بھی اتنی ہی اہمیت رکھتا ہے جتنا کہ مختلف کام کرنے والے دوسرے مردوں کا۔ مگر ان کی تنخواہوں میں فرق پایا جاتا ہے۔ تو ازن کی اس کمی کی کئی وجوہات ہیں جن میں سے دو بڑی وجوہات پر مساوی تنخواہ کی اسکیم کی توجہ مرکوز ہے۔

تنخواہوں میں عدم مساوات

اونٹاریو میں کام کرنے والی عورتوں کی تعداد دو لاکھ ہے۔ ان کی اوسط تنخواہ سولہ ہزار سالانہ ہے جبکہ مردوں کی تنخواہ کا اوسط ۲۵ ہزار ہے۔ اجرتوں کے درمیان ۳۸ فی صد کا فرق ہے۔ اور اس فرق سے تکلیف ہوتی ہے کیونکہ عورتیں بھی اسی مقصد کے تحت کام کرتی ہیں جس

If You Would Like A Copy Of The Green Paper, Or More Information About Pay Equity, Write To:

Pay Equity, Queen's Park, Toronto, Ontario M7A 1C2.

Honourable Ian Scott, Q.C.
Attorney General and
Minister Responsible
for Women's Issues

ایران میں نماز جمعہ کے اجتماعات

[illegible]

شریعت نافذ نہ کی گئی تو تحریک چلائی جائے گی حکومت کا اقتدار میں رہنا بھی ناممکن ہو جائے گا (مودودی)

ہم اسلامی نظام چاہتے ہیں ہماری سیاست کو بدل دینا چاہیے وزیر خزانہ اسلام کے معاشی نظام سے واقف نہیں، ناظم آباد میں جلسہ سیرت سے خطاب

ہم شریعت کی بالادستی قائم کئے بغیر چین سے نہیں بیٹھیں گے۔ نائب بلوچ

ہمیں اجتماعی زندگی میں خدا کے دین کو اختیار کرنا چاہیے۔ مولانا جان محمد عباسی

[illegible]

وزیر اعظم محمد خان جونیجو کراچی کے ایک ہسپتال میں ... کی مزاج پرسی کر رہے ہیں [illegible]

کشمیری دہشت گردی میں یقین نہیں رکھتے

[illegible]

پاکستان کے ساتھ [illegible]

[illegible]

۸۷ء کے بعد پاکستان سے امریکہ کی فوجی اور اقتصادی امداد کی تفصیلات طے نہیں ہوئیں

ابھی صرف ابتدائی مذاکرات ہوئے ہیں۔ زین نورانی

امداد کے سوال پر اختلافات پیدا ہونے سے متعلق شیخ رشید کی تحریک التوا پر جواب

[illegible]

میں غفار خان، ولی خان، بزنجو اور اچکزئی کسی کو بھی غدار نہیں سمجھتا۔ اسلم خٹک

[illegible]

حکومت سندھودیش تحریک کو ہوا دے کر مسلمانوں کو لڑانا چاہتی ہے۔ امنی

[illegible] سیاسی قیدیوں کو رہا کیا جائے

[illegible]

بھارتی سپریم کورٹ نے ... کو روک دیا

[illegible]

[illegible] ... منشیات کی فروخت کا سلسلہ جاری ہے تصویر میں ایک شخص ہیروئن کی پڑیاں ہاتھ میں لئے کھڑا ہے دوسرے شخص نے سگریٹ چھپا رکھا ہے جبکہ زمین پر بیٹھے ہوئے لڑکے کے ہاتھ میں بھری ہوئی سگریٹ اور ہیروئن کی تھیلی نظر آ رہی ہے ——— (تصویر: اعجاز ہاشمی)

بہت نکلے مرے ارمان لیکن پھر بھی کم نکلے۔

Fortnightly
al-hilal
50¢ Telephone: (416) 493-4374 474-9292
Vol.14 No.18/19 December 10/25, 1985
338 Hollyberry Trail, Willowdale, Ont. Canada M2H 2P6

کراچی میں ایک ہی خاندان کے 7 افراد کو بے دردی سے قتل کردیا گیا

مقتولین میں ۴ خواتین، دو کمسن بچیاں اور ایک لڑکا شامل ہے

مارشل لاء کے بعد ایک سال تک سیاسی سرگرمیوں پر پابندی رہے گی!

کالاباغ ڈیم تعمیر کرنے کے لئے زندگی اور موت کا مسئلہ ہے: ولی خان

معمر ترین پاکستانی کا انتقال

مسافر - میرا ہیون ساتھی ہوگا

ڈاکٹروں نے یوم سیاہ منایا

ہڑتال کا فیصلہ اگلے ماہ ہوگا

راجیو گاندھی نے پاکستان جانے سے انکار کر دیا

پٹنہ میں مسلمان مظاہرین پر پولیس نے گولی چلادی

کینیڈا کے چار سکھوں کے خلاف مقدمہ

بیرونِ وطن پاکستانیوں کا ترجمان

پندرہ روزہ ٹورانٹو (کینیڈا)

الہلال

سالانہ زرِ خریداری (برائے الہلال) ۱۸ ڈالر
سالانہ زرِ خریداری (برائے کریسنٹ) ۳۰ ڈالر
سالانہ زرِ خریداری (برائے الہلال، کریسنٹ) ۴۰ ڈالر

Name ....
Address ....
Postal Code .... Telephone ....

زرِ خریداری کا چیک کریسنٹ کے نام لکھئے اور اس پتہ پر بھیجئے
338 Hollyberry Trail, Willowdale, Ontario
Canada M2H 2P6 Ph: (416) 474-9292, 493-4374

اگر آپ اسلامی تحریک کا بین الاقوامی ترجمان "کریسنٹ" (انگریزی) بطور تحفہ حاصل کرنا چاہیں تو یہاں نشان لگایئے

Managing Editor: M Lateef Owaisi